اشتہار برائے بھرتی کانسٹیبلان بینڈ سٹاف پنجاب ہائی وے پٹرول

پنجاب ہائے وے پٹرول میں تعیناتی کے لئے بینڈ سٹاف کانسٹیبلان سکیل ہر 07 بمع مروجہ الاؤنسز کی خالی آسامیوں پر بھرتی کے لیے امیدواران سے مندرجہ ذیل معیار کے مطابق مجوزہ فارم پر درخواستیں مطلوب ہیں۔

اہلیت برائے امیدوار

1	عمر	18تا25سال	
2	قد	(i) برائے مرد امیدواران:	کم از 5فٹ 7انچ
		(ii) برائے خواتین امیدواران:	کم از 5فٹ 2انچ
3	چھاتی	کم از کم ½"34×"33 (صرف مرد امیدواران کیلئے)	
4	سکونت	امیدواران کا صوبہ پنجاب کا سکونتی (ڈومیسائل) ہونا اور شناختی کارڈ کا حامل ہونا ضروری ہے۔	
5	تعلیم	منظور شدہ بورڈ سے ایف ایس سی/ایف اے یا مساوی (سیکنڈ ڈویژن)	
6	دوڑ	(i) برائے مرد امیدواران:	ایک (01) میل دوڑ 7 منٹ میں طے کرنا ہوگی۔
		(ii) برائے خواتین امیدواران:	ایک (01) میل دوڑ 10 منٹ میں طے کرنا ہوگی۔
7	تجربہ	درج ذیل فیلڈ میں تجربہ جیسا کہ مختلف بینڈ آلات کی دیکھ بھال کا کام ہو اور بینڈ کے مخصوص آلات کو بجانے کی معلومات کے ساتھ تکنیکی قابلیت/مہارت (کم از کم پانچ میوزیکل آلات)	

کمپوزیشن اور انسٹرومنٹ

سیریل نمبر	انسٹرومنٹ/تعداد	سیریل نمبر	انسٹرومنٹ/تعداد	سیریل نمبر	انسٹرومنٹ/تعداد	سیریل نمبر	انسٹرومنٹ/تعداد
1	وائلن (Violen)	7	سائڈ ڈرم (Side Drum)	13	ای بی کلیری نیٹ (EB Clearinet)	19	ہارمونیم (Harmoniun)
2	کی بورڈ (Key Board)	8	ٹینور ڈرم (Tenor Drum)	14	بی بی کارنیٹ (Bb Cornet)	20	طبلہ (Tabla)
3	پیانو (Piano)	9	بیس ڈرم (Base Drum)	15	پائپ (Pipe)	21	فلوٹ (Flute)
4	لیڈ گٹار (Lead Guitar)	10	ڈھول (Dhol)	16	بگل (Bugle)	22	ستار (Siter)
5	باس گٹار (Bass Guitar)	11	بی بی ٹرمٹ (BbTrumpet)	17	سیکسوفون (Saxophone)	23	قوال (Kawal)
6	جاز ڈرم (Jazz Drum)	12	بی بی کلیرینٹ (Bb Clarinet)	18	رباب (Rubab)	24	غزال (سنگر) (Ghazal Singer)
						25	فولک سنگر (Folk Singer)

ہدایات برائے امیدواران

☆ خواہشمند امیدواران مجوزہ فارم پنجاب پولیس کی ویب سائٹ https://punjabpolice.gov.pk/ سے ڈاؤن لوڈ کر سکتے ہیں۔

☆ امیدوار درخواست فارم معہ تصدیق شدہ فوٹو کاپی اسناد ضروری کاغذات اور مبلغ 300 روپے (فارم فیس) پر پنجاب ہائی وے پٹرول (PHP) کے ریجنل دفاتر میں مورخہ 07.02.2025 تا 21.02.2025 تک جمع کروائے جا سکتے ہیں۔

☆ بھرتی شیڈول کے متعلق معلومات ریجنل آفس پنجاب ہائی وے پٹرول (PHP) سے حاصل کی جا سکتی ہے۔

☆ امیدواران کو قد، چھاتی، تعلیم اور عمر وغیرہ میں کوئی رعایت نہ دی جائے گی۔

☆ سرکاری اور نیم سرکاری اداروں کے ملازم اپنا فارم/درخواست محکمانہ توسط سے آخری تاریخ سے قبل جمع کروائیں۔

مختص کوٹہ: ☆ اقلیتی امیدواران کے لئے پانچ فیصد (05%) کوٹہ مختص ہوگا۔ ☆ خواتین امیدواران کے لئے پندرہ فیصد (15%) کوٹہ مختص ہوگا۔

نوٹ: ☆ امیدواران کا قد، چھاتی کی پیمائش، دوڑ تحریری اور مہارت (Skill) کے امتحانات اور انٹرویو لیا جائے گا۔

☆ وہ امیدواران جو پولیس فیملی کلیم کی بنیاد پر اضافی نمبر لینا چاہتے ہیں وہ اپنے کلیم سے متعلقہ تمام کاغذات جیسا کہ پنشن بک، ریٹائرمنٹ آرڈر کی کاپی وغیرہ اپنی درخواست کے ساتھ منسلک کریں۔

☆ تمام امیدواران کو بیان حلفی جمع کروانا ہوگا کہ وہ کسی قسم کی ایف آئی آر (FIR) یا مقدمہ میں نامزد/ملوث/مطلوب نہ ہیں۔ غلط بیان حلفی جمع کروانے کی صورت میں امیدوار کو پولیس میں بھرتی کے لیے نااہل قرار دے دیا جائے گا۔ اور قانونی کاروائی عمل میں لائی جائے گی۔

☆ اگر کسی مرحلہ پر امیدوار کی تعلیمی اسناد، ڈومیسائل، شناختی کارڈ اور میڈیکل سرٹیفکیٹ کی پڑتال کے دوران یہ کاغذات جعلی یا غیر تصدیق شدہ پائے گئے امیدوار کی بھرتی منسوخ کر دی جائے گی اور قانونی کاروائی عمل میں لائے جائے گی۔

☆ ابتدائی طور پر منتخب امیدواران بعد از سیکورٹی کلیئرنس میڈیکل بورڈ کے روبرو پیش ہونگے کلر بلائنڈ امیدواران بھرتی کے لیے نااہل ثابت ہونگے۔

☆ صرف وہ امیدواران جسمانی پیمائش کے اہل ہونگے جن کی درخواستیں مکمل پائی جائیں گی۔ امیدوار کو انتخاب کے مختلف مراحل کیے جانے والے کسی قسم کے اخراجات کی ادائیگی نہ کی جائے گی۔

☆ محکمہ کو یہ اختیار ہوگا کہ یہ بھرتی تمام مراحل مکمل ہونے پر یا کسی بھی مرحلہ پر منسوخ کی جا سکتی ہے اور کسی بھی عدالت یا فورم پر چیلنج نہ کیا جا سکے گی۔

المشتہر
ڈی آئی جی (اسٹیبلشمنٹ II)،
سنٹرل پولیس آفس، لاہور